**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

---

# 118 جدید سروسز کا آغاز حکومت کا ایک انقلابی اور صارف دوست اقدام ہے

## آن لائن سروسز سے مستفید ہونے کے لئے صارفین اپنے درست کوائف آئیسکو کو فراہم کریں

## چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

**اسلام آباد: 01 دسمبر 2025**

چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی جانب سے 118 جدید سروسز کا آغاز یقینی طور پر پاکستان کے پاور سیکٹر میں ایک انقلابی اور صارف دوست اقدام ہے جس کے ذریعے صارفین بغیر کسی چارجز کے سات زبانوں انگلش، اردو، پنجابی، سرائیکی، پشتو، بلوچی اور سندھی میں بجلی خرابی، بجلی بندش، وولٹیج کے مسائل، نئے کنکشن کے حصول و دیگر شکایات کا نہ صرف آن لائن اندراج بذریعہ کال 118 یا بذریعہ ایس ایم ایس 8118 پر 30 سیکنڈز کے اندر اندر کروا سکتے ہیں بلکہ درج شدہ شکایات کی پیش رفت کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ بھی کر سکتے ہیں۔ آئیسکو چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ صارفین ان ڈیجیٹل سروسز سے بہتر طریقے سے مستفید ہونے کے لیے اپنے درست کوائف جیسا کہ موبائل نمبر، قومی شناختی کارڈ نمبر اور کنکشن کی ملکیت (مالک یا کرایہ دار) آئیسکو کے سٹاف کو فراہم کریں۔ مزید یہ معلومات صارفین خود کار طریقے سے آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ **www.iesco.com.pk** کا بھی وزٹ کر کے اپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے صارفین متعلقہ آئیسکو دفاتر زاور کسٹمر سروس سنٹرز سے رجوع کریں۔